رسالہ

صحت النساء

تقدس مآب جناب ڈاکٹر رامانند صاحب لکچرار حفظ صحت پنجاب و
پروپرائیٹر کارخانجات رائل میڈیکل ہال ہیڈ آفس جگادھری ضلع انبالہ
نے سالہا سال تک مستورات کے ایک دن سے نو ماہ تک کی حاملہ
عورات کی لاشوں کو چیر چیر کر اور قریب ساٹھ ہزار مستورات کا علاج
کر کے

پبلک

کو آگاہ کیا کہ اے لوگو تم جن مستورات کو حقارت کی نظر سے دیکھ کر ان کے
علاج کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ تو ایسا کرنے میں تم خود کس قدر
نقصان اٹھا کر ملک کو تباہ کر رہے ہو

بلالی سٹیم پریس ساڈھورہ انبالہ میں طبع ہوا

اور بڑے بڑے راجہ مہاراجہ افسر ساہوکار لوگ یہ مان لیویں گے
کہ جسمانی اور روحانی بیماریوں اور ادویات کی مکمل تحقیق اور تشخیص
اور تجویز کرنے کے لیے تقدس مآب جناب ڈاکٹر راما نند
صاحب کا وجود دنیا میں آوے گا کہ جو بڑے بڑے عالمان کی تحقیق پہ
سبقت لیجا کر کروڑوں انسانوں کی مدت مدید کی روحانی و جسمانی تکالیف
کو اپنی قوت بیانیہ سے آناً فاناً بہتری اور صحت میں تبدیل کر
دیویں گے ۔

پس آپ کو لائق فائق اور شریف اور رحمدل آدمی سمجھ کر نصیحت
کی جاتی ہے۔ کہ اگر ایسی حالت ہے کہ جب مایوس مستورات کا
کوئی خبر گیران نہیں ہے۔ آپ تھوڑی بہت اُن کی مدد کر کے اُنکی
تکالیف کو دور کرنے کا بیڑا اُٹھا دیں گے۔ تو آپ سے زیادہ دونوں
جہان میں ثواب حاصل کرنے والا کون ہوگا۔ کیونکہ دنیا کے کاروبار اور
اپنے کمانے کھانے کی فکر تو تمام عمر چلی ہی جاتی ہے۔ لیکن اپنی نیکی
سے کسی مایوس بیمار کو یا کسی اور جینے کے خواہاں کی ضرورت کو حتی
المقدور پورا کرنا نیکی اور حیرت کی گٹھری اُٹھا کر بہشت میں داخل ہونا
ہے۔ اور یہی ہمارا فرض ہے ۔

اسلیے اس بارے میں ہم نصیحت کرتے ہیں

کہ سوائے اپنی منکوحہ بیوی کے دنیا کی سب عورتوں کو اپنی ماں
اور بہن کے موافق سمجھ کر اپنی رشتہ داری میں اپنے خاندان میں

شرم ہے

کہ اُن کا کوئی پُرساں نہیں ہے کہ اے بیچاری تو کیوں روتی ہے اور تجھے کیا تکلیف ہے۔ کیا تیرے لیے کوئی علاج معالجہ دوائی وغیرہ تجویز کریں ؂

اور

علاوہ ان کے اُن عورتوں کی بھی خبرگیری بہت ہی کم ہوتی ہے۔ کہ پیشہور معالج خداوند رب العالمین کی مہربانی سے جن کے خاوند جیتے ہیں اکثر علاج معالجہ کرتے [illegible] ہم نے خود دیکھا ہے۔ کہ مرد تو عیش و عشرت ہر قسم کے آرام میں مشغول رہتے ہیں اور عورتوں کی تکلیف کی بالکل پرواہ نہیں کرتے۔ پہلے تو تھوڑی بہت تکلیف میں اُن کی خبر بھی نہیں لیتے۔ اس سبب سے تکلیف زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ اور اس حالت کو دیکھ کر عورتیں بھی اپنے خاوندوں سے بہت کم بیان کرتی ہیں۔ اسی طرح وہ تکلیف بڑھتے بڑھتے بڑھ جاتی ہے۔ اور بیچاری اُس تکلیف میں گھُل گھُل کر موت کا شکار ہوتی ہیں۔ اسلیے ہم نے یہ حالت دیکھکر اور ہزارہا لوگوں کی سفارشوں کو منظور کر مناسب سمجھا کہ اپنی کل تحقیقات سے مستورات کی کل تکالیف کے انسداد میں ایک مشرح رسالہ تیار کرکے پبلک کی خدمت میں پیش کریں ؂

دیباچہ

[illegible] ڈاکٹر اور حکیم اور علاج وغیرہ

بھلا ہو کہ جو ہم مایوسوں کی خبر گیری کیلیے پیدا ہوا ہے؂

اے ڈاکٹر صاحب

آج تک ہم نے بیسیوں اور سینکڑوں حکیموں اور ویدوں اور ڈاکٹروں کا علاج کرایا ہے۔ لیکن اے سچے ڈاکٹر۔ اے ہم قابل رحم عورتوں کی پکار سُننے والے ڈاکٹر۔ واقعی دنیا میں ہم نے جیسا تیرا نام سُنا تھا۔ تیری دوائی استعمال کرکے اُس سے بھی زیادہ تجھ کو سچّا پایا ہے

استری سنگار گٹکے کا اثر

پہلی تکلیف مستورات کو یہ ہوتی ہے کہ ان کا حیض باقاعدہ نہیں ہوتا۔ یہ حیض کی بے قاعدگی تو مرد کی بد فعلی کی زیادتی سے ہو جاتی ہے یا عورت کے کھانے پینے کی بد پرہیزی سے ہوتی ہے۔ یا کسی چوٹ کے لگنے سے یا دیگر صدمہ پہنچنے سے یا کسی شدید تکلیف کی وجہ سے۔ یا کسی دیگر رحم کی تکلیف سے ہو جاتی ہے۔ جس کی علامت یہ ہوتی ہے۔ کہ حیض یا تو اپنے ایام پر نہیں ہوتے۔ یا ایام حیض کے گزر جانے کے بعد خفیف مقدار میں ظاہر ہوتے ہیں یا سفید رنگ کی رطوبت ایام حیض سے پیشتر کم یا زیادہ مقدار میں خارج ہو جاتی ہے۔ کیوں کہ رحم

اپنے گھرانے میں آٹھویں دسویں دن دریافت کرلیا کریں۔ یا کسی دیگر دائی وغیرہ یا کسی بڈھی عورت سے دریافت کرالیا کریں۔ کہ اُسے بیچاری کو تم کو کوئی تکلیف تو نہیں ہے۔ کیونکہ مستورات اپنی تکالیف کو مردوں سے بیان کرتی ہوئی اکثر شرمایا کرتی ہیں +

اگر

اُن میں سے کوئی بھی کسی قسم کی تکلیف کو بیان کرے۔ تو ہماری نصیحت ہے کہ اُس کو فوراً استری سنگار گٹکے کا استعمال شروع کرادو +

آجکل

استری سنگار گٹکا

ہندوستان کی ہر ایک عورتوں کے مجمع میں مشہور ہو رہا ہے۔ جس وقت استری سنگار گٹکے کو رائج کیا گیا اور پبلک سے چندہ اٹھا کرکے اُس کی کئی ہزار شیشی بیمار عورتوں کو تقسیم کرکے استعمال کرائیں۔ تو عورتیں استعمال کرتی تھیں۔ اور ڈاکٹر راما نند صاحب کے کرم کو ہزار ہزار دعائیں دیتی تھیں۔ کہ اے ڈاکٹر صاحب تیرے رحم دل وجود کا یہاں اور عاقبت میں دونوں جگہ

کو سمجھ سکتے ہیں اور تا وقتیکہ بوقت پوسٹ مارٹم[1] اُسی حاملہ عورت کی پھٹی ہوئی لاش کے پاس خورد بین سے نہ دیکھ رہے ہوں نہ ہم اُن کو سمجھا سکتے ہیں +

لیکن

ہم یہ نصیحت کرتے ہیں کہ اگر مستورات کو کوئی تکلیف بھی ہو۔ تو اُنکو مناسب ہے کہ فوراً استری سنگار کو آٹھ دس روز پلا کر دیکھو کہ وہ آٹھ ہی دس روز کے اندر کل تکالیف میں کس قدر کمی کرتی ہے +

انتباہ

یہ وہ دوائی ہے کہ جس نے ہندوستان کے اندر قریب سات لاکھ عورتوں کی کُل تکالیف کو دور کرکے اُن کے جسم کندن کیموافق بنا کر برخوردار کر دیا ہے۔ اور وہ سب کی سب بیچاریں اس دوائی کی دل و جان سے معتقد ہو کر دو چار شیشی ہر وقت اپنے پاس رکھتی ہیں اور جن کو ایشور خداوند کریم نے آسودہ اور کسی لائق بنایا ہے دونوں جہان میں ثواب حاصل کرنیکے لیے اپنی غریب بہنوں کو بطور خیرات بخش دیتی ہیں +

[1] لاش کے چیرنے کو پوسٹ مارٹم کہتے ہیں +

پٹھوں سے مرکب مثانہ کی شکل میں سفید جرم کا ہوتا ہے۔

یا

عورت عقر مثلاً بانجھ یا ایک بچّہ ہو کر پھر حمل ٹھیرنا بند ہو جاوے یا گاہے بگاہے جوڑوں میں درد۔ دھیما دھیما بخار اور کمزوری اور سر درد یا کنپٹیوں میں درد یا کم نظری یا رحم کے مقام میں تھوڑی تھوڑی چبھن اور ٹیس یا رحم کے مقام پر ورم ہو جاوے جس سے حمل قرار نہ پاوے یا بعض وقت ایسا ہوتا ہے کہ ایک بچّہ پیدا ہو کر رحم میں سے اس قدر زیادتی کے ساتھ رطوبت خارج ہو جاتی ہے۔کہ رحم کی دیواریں ایسی سخت ہو جاتی ہیں۔کہ نطفہ ٹھیر کر پرورش نہیں پا سکتا۔یا رحم کو اس قدر حرکت ہوتی ہے کہ اُس کی دیواریں ڈھیلی ہو جاتی ہیں۔کہ نطفہ پہنچتے ہی وہاں سے رطوبت کے ساتھ پھسل کر خارج ہو جاتا ہے۔یا رحم اس قدر پھیل جاتا ہے کہ نطفہ اُسی وقت کا اُسی وقت گر جاتا ہے۔ یا عورت کے مثانہ اور گُردہ میں کوئی ایسی تکلیف ہو جاتی ہے۔ کہ اُس تکلیف کیوجہ سے نطفہ پرورش نہیں پا سکتا ہے۔ یا کسی شدید بیماری کی وجہ سے رحم میں اس قدر طاقت ہی نہیں رہتی (جیسے کہ پیچش کی تکلیف میں انتڑیوں میں پاخانہ ٹھیرانے کی طاقت نہیں رہتی) کہ وہ نطفہ کو پرورش دے سکے۔ علےٰ ہذالقیاس۔ماسوائے اُن تکالیف کے جو جو تکالیف مستورات کو ہوتی ہیں۔جن کی تشریح اگر کیجاوے تو نہ تو ناظرین اُن باریکیوں

اگر ایسی ایسی ادویات اُس زمانہ میں نکلتی۔ جبکہ ہندوستانی راجاؤں
کے راج تھے۔ تو اُس کے صلے میں اُس شخص کو لاکھوں روپے سے
الا مال کر دیا جاتا۔ اور اُسکی ایک شیشی بیس پچیس روپے کو بھی نہ مل
سکتی کیونکہ یہ دوائی سَتّر قیمتی ادویات کا ایک قسم کا جوہر ہے۔ لیکن چونکہ
اب اس ملک کی وہ دولت مند حالت نہیں رہی۔ اسلیے عام جلسہ
میڈیکل ہال میں جس میں بڑے بڑے لائق آدمی شامل تھے۔ سفارشاً
یہ قانون پاس ہوا کہ سب لوگ ڈاکٹر صاحب موصوف سے التجا
کریں۔ کہ وہ اس دوائی کی قیمت بہت ہی کم رکھیں۔ اسلیے سب نے
چندہ اکٹھا کر کے (اگرچہ اسکی ایک شیشی پر ایک روپیہ آٹھ آنے عہ
لاگت آتے ہیں) اسکی قیمت فی شیشی عہ مقرر کرادی ہے۔ ایک شیشی
علاوہ محصولڈاک عہ کو آتی ہے۔ اور تین شیشی کا پیکٹ مع محصولڈاک تین
روپے (سے) کو آتا ہے۔ اور بارہ شیشی کا پارسل مع محصول ڈاک دس
روپے کو ملتا ہے۔ اور اسی قیمت سے ہندوستان کے بڑے بڑے
دوائی خانوں سے یہ دوائی دستیاب ہوتی ہے۔

جنرل منیجر صاحب کارخانجات رائل میڈیکل ہال
ڈاکٹر رامانند اینڈ کو۔ ہیڈ آفس جگادھری ضلع انبالہ
(پنجاب)

[illegible]

کیمسٹری

کے قواعد سے ہم نے عورت کے رحم کو چیر کر اس دوائی کو استعمال کر کے دیکھا ہے۔ کہ رحم کے اوپر پہلا اثر سٹی مولینٹ یعنی مفرح ہوتا ہے لاش چیری ہوئی کے رحم پر اس دوائی کو ڈالتے ہی رحم اصلی حالت پر آ جاتا ہے۔ اور اُس میں اصلی رنگت پیدا ہو جاتی ہے اور تمام جسم مثلاً دل۔ دماغ۔ جگر۔ معدہ پر اسکا نہایت سٹی مولینٹ اثر پڑتا ہے حیض کی روانگی بالکل باقاعدہ ہو جاتی ہے اور تیسرے دن عورت خود بخود کہدیتی ہے۔ کہ یہ دوائی میری تمام تکالیف کو آرام کر رہی ہے غالباً یہ دوائی ہندوستان کے تمام بڑے بڑے شہروں میں مل جاتی ہے۔ پرچہ ترکیب نہایت مشرح طور پر اس کے ہمراہ رہتا ہے۔ لہذا اسکے استعمال کی نسبت و پرہیز کی نسبت جو امر دریافت کرنا ہو۔ پرچہ ترکیب میں ملاحظہ فرماویں۔ جو کہ شیشی کے ہمراہ ہوتا ہے +

ہندوستان

میں جس وقت یہ دوائی پیشتر پیشتر تیار ہوئی۔ تو بڑے بڑے عالم ڈاکٹروں اور حکیموں اور راج ویدوں نے اس کی آزمایش کیلیے اسکا تجربہ کیا۔ تو اُنھوں نے معلوم کیا کہ ابتدائے آفرینش سے آجتک مستورات کے حق میں ایسی مفید دوائی نہیں نکلی ہے +

MAKHZAN UL ADVIA ENGLISH

مخزن الادویات انگریزی

معہ اونکے فواید و استعمال خوراک

Hoshiar Singh جسکو Druggist

پنڈت ہوشیار سنگھ صاحب نے بہت سے مخزن الادویات

انگریزی سے انتخاب کرکے اردو مین ترتیب دیا

حسب فرمایش موءلف

بمطبع حدیقۃ العلوم میرٹھ مین محمد سید مرتضی یزدانی کے اہتمام سے

Medical Hall مین چھاپی گئی Meerut City

Price 5 R. Copies 1000

قیمت فی جلد ... ۵/ دفعہ دوم ۱۰۰۰ جلد

Hoshiar Singh

رسالہ

الجماع

جس کو

تقدس مآب جناب ڈاکٹر رامانند صاحب لکچرار حفظ صحت پنجاب و سپرنٹنڈنٹ کارخانجات رائل میڈیکل ہال ہیڈ آفس جگادھری ضلع انبالہ

نے

لاکھوں جلدیں چھپوا کر معزز پبلک کی خدمت میں مفت تقسیم کیں

اور ہر شخص کو اطلاع کردو کہ اس نایاب رسالہ کو رائل میڈیکل ہال سے

مفت حاصل کر کے حرفی بحرفی مطالعہ کرے

از سیکرٹری رائل میڈیکل ہال جگادھری

بلائے سٹیم پریس سادھورہ ضلع انبالہ میں چھپا

علے العموم ہمارے پاس جلق اور اُس کی خرابیوں کے خطوط زیادہ آتے ہیں۔ پس ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ ہم مختصر سی عبارت میں

جلق

اور اس کے نقصانات کا بیان درج کرکے بعد میں جماع کا حال درج کرینگے۔ آج کل عموماً نوجوان اور خصوصاً تعلیم یافتہ جب آپس میں ملکر بیٹھتے ہیں۔ تو بدقسمتی یا گردش ایام کیوجہ سے یا تو اُن میں کسی قسم کی نشہ بازی کی تجویز قرار پاتی ہے یا آپس میں ایک دوسرے سے ملکر کسی نہ کسی طریقہ سے منی کو ناجائز طریق سے ضائع کرنے کے افعال بد کیے جاتے ہیں اُن کو جاننا چاہیئے کہ جب کسی انسان یا ملک یا خاندان کے برباد ہونے کا زمانہ آتا ہے تو اُس کو بھلی باتیں تو بُری معلوم دیا کرتی ہیں اور بُری باتیں بھلی معلوم دیا کرتی ہیں۔ پس یہ عادت بدقسمتی سے یا تو کسی بدمعاش اور بدچلن لڑکے کے ساتھ صحبت کرنے سے۔ بھلا اور نیک لڑکا بھی اس بدفعلی کا مرتکب ہوتا ہے۔ یا گھر میں بیوی نہونے کی وجہ سے یا شادی نہ ہونے کی وجہ سے ایسے ایسے افعال بد کیا کرتا ہے ❖

شہوت کا غلبہ ہونے سے جس وقت علیحدگی میں ایک نوجوان اس فعل کو کرتا ہے

ہائے ظلم!

وہ نہیں جانتا کہ میں اپنا خون اپنے ہاتھوں سے کر رہا ہوں۔ چند روز میں میرے سب پٹھے بیسہ بیکار ہو جاوینگے ایام جوانی میں جو میرا چہرہ چاند کے موافق چمکتا تھا۔ اس فعل سے سوکھی ہوئی لکڑی کی مانند دکھلائی دیگا۔ وہ نہیں جانتا کہ میری قابلیت بالکل ملیامیٹ ہو جاویگی وہ نہیں جانتا کہ چند روز میں مجھے جریان کی سخت تکلیف ہوکر بالکل نامردی ہونیوالی ہے وہ نہیں جانتا کہ میری منی پیشاب میں ملکر گرنے لگجاویگی۔ پھر میں کسی مطلب کا نہ ہوں گا۔ وہ نہیں جانتا کہ میرے جسم کے تمام پٹھوں کی رطوبت جس کو میں روزمرہ برباد کر رہا ہوں نکلکر خشکی نمایاں اور تمام بدن میں درد پیدا ہونا شروع ہو جائیگا۔ وہ نہیں جانتا کہ مجھے اب بھی کبھی

آنکہ شیراں راکند روباہ مزاج
احتیاج است احتیاج است احتیاج

کیا

معلوم تھا کہ اٹھارھویں اور انیسویں صدی کے اندر تقدس مآب جناب ڈاکٹر رامانند صاحب کا وجود ظاہر ہو کر اپنی آرام و آسایش کو دور کر کے اُن کی عادت کو نیکی میں تبدیل کردے گا۔ اور یقین کیا جاتا ہے کہ اگر سات سال تک ڈاکٹر صاحب موصوف کا وجود دنیا میں قائم رہا تو وہ قریب ... کروڑ انسانوں کی زندگی کو نیکی میں تبدیل کرنیکا معاہدہ کرتے ہیں۔

اسلئے

آپ صاحبان کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب موصوف کے اِس رسالہ کا حرفی حرفی مطالعہ کریں چند روز میں معلوم ہو جاویگا کہ زندگی کی رفتار نے کس قدر پلٹا کھایا ہے۔ اور اگر زیادہ ترقی کرنا چاہیں تو صبح اُٹھکر روزمرہ اس رسالہ کا مطالعہ کرلیا کریں۔ دیکھنا کہ زندگی کے اندر کیا بھاؤ پیدا ہوں اور روحانی وجسمانی تکالیف میں کس قدر کمی واقع ہو جاتی ہے۔

(نوٹ) براہِ کرم ڈاکٹر صاحب موصوف کی تصانیف کو نہایت عزت کے ساتھ کسی الماری یا طاق یا صندق وغیرہ میں رکھا کریں۔ کیوں کہ انڈیا کی پبلک نے تسلیم کرا ہے کہ ڈاکٹر صاحب موصوف کی عزت اپنے دل میں جگہ دینے کے لائق ہے۔

از جنرل منیجر کارخانجات رائل میڈیکل ہال ڈاکٹر رامانند اینڈ کو جگادھری ضلع انبالہ

رسالۃ الجماع

ہم کو اس رسالہ کے لکھنے کی چنداں ضرورت نہ تھی۔ لیکن جب ہم چودہ سال سے برابر دیکھ رہے ہیں کہ تین دفعہ کی ڈاک میں جو کارخانہ رائل میڈیکل ہال میں آتی ہے قریب آٹھ سو نو سو خطوط میں فی سیکڑہ اسی یا نوے خطوط جریان منی۔ نامردی۔ کمی قوت باہ۔ سوزاک۔ کمزوری اعضائے رئیسہ وغیرہ کے حالات سے پُر ہوتے ہیں اور ایسے ایسے شریف آدمی بد صحبت اختیار رہونے کی وجہ سے ان خود کردہ امراض میں مبتلا ہوتے ہیں کہ جن کو بدافعال یا د اور گمان بھی نہ تھے تو ہمارا گمان ٹھیک ہوا کہ ہمارے ملک کے باشندوں پر عنقریب یک لخت بربادی اور تباہی آنیوالی ہے پس ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ اپنی بھولی بھالی پبلک میں بطور عجز و انکسار ایک خاص نصیحت پیش کیجاوے جس کا مطالعہ کرنے کے بعد ہم کو کامل اُمید ہے کہ ہماری معزز اور سخن شناس پبلک تہ دل سے ہماری مشکور ہوگی۔ اور ہمارے عنایت فرما ہماری عرض کو بتوجہ قبول فرماکر اگر ان میں کسی قسم کی خرابی ہوگی۔ تو اس کو ترک کرنے کی کوشش کریں گے۔ اور دیگراں کو نصیحت کرینگے کیوں کہ انسانی فرض ہے کہ اگر کہیں سے کوئی ایسی خاص بات کہ جس میں سب کا بھلا ہو۔ ملجائے تو اُس کو پبلک میں پیش کرکے ثواب حاصل کرے اور ہماری طرف سے ایسا سلوک ہونے پر بھی وہ ایسا نہ کریں گے۔ تو ہم عام طور پر منادی کرتے ہیں کہ یہ ناممکن ہے کہ ایک آدمی کسی قسم کی بدفعلی کرے اور اس کو اُس کا خراب نتیجہ حاصل نہ ہو۔ ہم مجبور ہیں کہ ہم کو زیادہ وقت نہیں ہے۔ ہاں جن اشخاص نے بڑے بڑے شہروں میں ہمارا واعظیان سنا ہے وہ کافی طور پر سمجھ گئے ہیں کہ منی کیا ہے۔ جماع کیا ہے۔ خالق نے کس غرض سے یہ سلسلہ بنایا ہے اس کو کس طرح عمل میں لانا چاہیے۔ اس کو جائز طور پر عمل میں لانے سے کیا شگفتگی اور بھلائی ہوتی ہے۔ اور ناجائز طور پر عمل میں لانے سے کس قدر تباہی ہوتی ہے ورنہ ہم کتاب کو نہایت شرح کے ساتھ لکھا جاتا ۔

تفکر کیوں رہتی ہے۔ لیکن اے باعلم آدمی! اے ہوشمند! تجھے ابتک یہ معلوم نہیں ہوا
سب تکالیف تیری خود پیدا کردہ ہیں۔ اور خود پیدا کرکے جسم کے ہرے بھرے پودے کو اپنی
شہوت کی آگ سے جلا رہا ہی تو نہیں جانتا کہ میں اپنے بدن کو ایسا بنا رہا ہوں کہ جیسے گھن والی
لکڑی ہوتی ہے۔ اندر سے کیڑا اُسکی تمام طاقت کو کھا جاتا ہی اور باہر سے چھلکا چھلکا نظر آتا
ہے لیکن دراصل وہ لکڑی بالکل ناکارہ ہوجاتی ہے۔ تو نہیں جانتا کہ تیرے کنبہ میں عجب قسم
کا شور مچیگا کہ تو تو بالکل نامرد ہوجاویگا اور تیری استری جگہ بجگہ خراب ہوتی پھریگی اور تو
دواؤں کی شیشیاں ہاتھ میں لیے ہوئے علاج کراتا پھریگا اور کہیں سے کچھ کامیابی حاصل نہ
ہوگی اُسکو معلوم نہیں ہی کہ ہاتھ کا زہر آلہ تناسل کی رگوں میں رگڑ سے پیوست ہوکر آلہ تناسل کو
نکما کردیگا۔

ہائے افسوس!

اس کو کوئی ایسا رہبر نہیں ملتا جو اس کو بتلادے کہ اے اُلو تو تعلیم حاصل کررہا ہی یا اپنی روحانی
علم کو دن بدن تباہ کررہا ہے۔ نہیں نہیں ان سب باتوں میں سے وہ کسی بات کو نہیں جانتا:۔

بلکہ یہ جانتا ہے کہ

میں آج تو اس خرابی کو کرلوں۔ لیکن پھر نہ کروں گا۔

لیکن اے بھائی! خبردار ہو۔ ہوشیار ہوجا۔ بدعادت کو ترک کرنے کا یہ قاعدہ نہیں ہے
بلکہ اس عادت کو اس خیال سے اور تقویت ہوتی ہے ۔ نہیں بلکہ اپنی کانشنس کو بادشاہ
بنا۔ خواہش کو اس کا وزیر بنا۔ یاد رکھو کہ جو شخص خواہش کے مطیع ہوا کرتے ہیں وہ بہت جلد
تباہ ہوجایا کرتے ہیں! اور جن شخصوں کی کانشنس کے تابع خواہش ہوا کرتی ہے وہ شخص ہمیشہ
سرسبز و شاداب ہوکر پھلتے اور پھولتے ہیں۔ اسی طرح اپنی خواہش کو اپنے حکم میں رکھو تاکہ ہر ایک
ارادے میں کامیابی حاصل کرسکے۔

اگر تو اعتراض کرے کہ مجھسے صبر نہیں ہوسکتا۔ تو اس کتاب کے پچھلے صفحات پر
بیماری کے دور کرنیکا مطالعہ کرو۔

ہمراہ پلایا کرتے ہین جسکو عام آدمی جانتے ہین - خوراک ۱۰ گرین سے ۲۰ گرین تک سے اور
گرین تک ست لیمون کے واسطے ۳۰ گرین سوڈا چاہئے قیمت فی اونس ۵ ۰ ر

البسیڈم گیالیکم (Acidum Gallicum) یعنی ست مازو - یہہ دوائی نہایت اسٹر نجینٹ
یعنی قابض ہے - ست مازو کو ہر قسم کے جریان خون مین دیا کرتے ہین مثلاً جب معدہ سے یا پھیپھڑے
ہمراہ کہانسی کے خون آتا ہے یا جب عورتون کا حیض بند نہین ہوتا ہے تب اسکا استعمال
کرتے ہین یا جب پیشاب کی ہمراہ خون آتا ہو تب اسکی کہلانے سے وہ بند ہو جاتا
اور اسکی عرق کی پچکاری مرض سوزاک کے پرانی درجہ مین بہت مفید ہے اور خاصکر ایک
بیماری کہ جسکو عورتونکا پرمیو کہتے ہین - یعنی جن عورتون کے اندام نہانی مین سے بہت مقدار
سفید رنگ کی بدبودار رطوبت ہر وقت جاری رہتی ہی اوس کے بند کرنیکے واسطے
آزمودہ اور مجرب ہے - عرق اسکا اسطرح سے بنتا ہی کہ ۳ ڈرام ست مازو کو ایک بوتل پانی
مین ملاکر اس عرق مین کپڑا تر کرکے اندام نہانی مین رکہنا چاہئے قیمت فی بوتل عرق ہر مرض کہانسی کی دوا کے
البسیڈم ہیڈروکلوریکم (Acidum Hydrochloricum) یعنی نمک کا تیزاب خالص
تیزاب تو نہایت تیز ہے کہلایا نہین جاتا مگر اسکا ڈائلوٹ یعنی پانی ملا ہوا عرق جو ایک حصہ تیزاب
مین ۳ حصہ پانی ملانے سے بنتا ہی واسطے بدہضمی کے مفید ہے اور سرد فائدہ کے واسطے
بخارات مین بہی دیا جاتا ہی اور پیشاب مین جب کہار ہو جاتا ہے تب اسکو دیتے ہین اور بعض
دفعہ جگر کی بیماری اور آتشک مین بہت مفید پایا گیا ہے اور جب مونہہ آجاتا ہی تو اسکی کلی
کراتے ہین - خوراک عرق کی ۱۰ بوند سے ۲۰ بوند تک قیمت تیزاب کی فی اونس

البسیڈم ہیڈروسیانیکم ڈائلوٹم (Acidum Hydrocyanicum Dil.)
یہہ تیزاب نہایت تیز خوف ناک ہے لہذا خالص نہین دیا جا سکتا
اس سبب سے اوس کے ڈائلوٹ کا ذکر کیا جاتا ہی اس کی عرق کو درد
روکنے کی بہت ہی مفید پایا گیا ہے اور سل و عام کہانسی کے روکنے کو بہی دیتے ہین

یاد رکھو کہ

ہر ایک چیز مر کر مردار ہو جاتی ہے۔ لیکن نفس امارہ جب مرتا ہے تو زندہ جاوید ہو جاتا ہے +

واضح ہو کہ

منی انسان کا تخم ہے جیسے کہ چنا ایک دانہ ہے اگر اس دانہ کو بھون دیا جائے یا کسی دیگر طریق سے اسکے تخمینہ طاقت کو کھینچ لیا جائے۔ تو وہ چنا اگرچہ بظاہر دانہ معلوم ہوتا ہے لیکن اس کی اصلی اور قدرتی طاقت زائل ہو گئی ہے۔ اسلیئے وہ اپنا فعل ادا کرنے سے بالکل ناقابل ہو گیا ہے۔ اسی طرح انسان کے اندر ویرج ہے۔ ویرج انسان کے اندر اس طرح رہتا ہے کہ جس طرح تلوں میں تیل اور دودھ میں مکھن ملا ہوا ہوتا ہے جس طرح تلوں سے تیل نکال کر اور دودھ سے مکھن نکال کر تل کی بجائے کھلی اور مکھن کی بجائے سفید پانی رہ جاتا ہے۔ اسی طرح انسانی جسم بھی ویرج سے خالی ہو کر مٹی رہ جاتا ہے۔

بچہ بازی

کسی شخص نے آجتک کسی دیگر حیوانات میں نہیں دیکھا ہوگا کہ سوائے حضرت انسان اشرف المخلوقات کے مرد مرد کے ساتھ جماع کرے جس وقت انسان ایسی علت کرنے پر آمادہ ہو اس کو سمجھنا چاہیئے کہ میرا ختم ہونے کا زمانہ عنقریب آگیا ہے اور میں دنیا میں ایک اعلیٰ درجہ کا بدمعاش اور گندا آدمی ہوں۔ چونکہ اس فعل سے نسل بند ہو جاتی ہے۔ اس لیے جاگولک رشی کا قول ہے کہ جہاں پر ایسا پاپ ہوتا ہے وہاں پر ان دونوں آدمیوں کے سوکھے کانٹے ڈال کر آگ لگا دینی چاہیے یا وہیں گڑھا کھود کر دونوں کو زمین میں دفن کر دینا چاہیے۔ اور ہماری گورنمنٹ عالیہ نے بھی اس جرم کے ارتکاب میں دونوں کے لیے چودہ برس تک کی سنگین سزا فرمائی ہے۔ وجہ یہ ہے کہ چند روز میں ایسی بدفعلیں کرنے سے انسان کے خیالات کا بالکل نہ ہو جاتا ہے۔ سمجھنے اور سوچنے کی قابلیت بالکل نہیں رہتی۔ منی جو انسان کا تخم ہے اس

سر میں درد ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ وہ نہیں جانتا کہ چند روز میں مجھے جریان کی سخت
ہونیوالی ہے اور جریان بھی ایسا ہوگا کہ تمام عمر روتا رہوں گا۔ وہ خیال میں نہیں لا
بھی مجھے سر میں کبھی کبھی چکر سا آتا ہے۔ وہ کیوں خیال کرنے لگا ہے کہ میرے چہرہ پر ر
نہیں ہے اور میرا چہرا زردی نما ہو گیا ہے جو کہ میری بد قسمتی سے میری پیدا کردہ خرا
باعث ہے۔ وہ یہ نہیں جانتا کہ جس دشمن (برائے نام دوست) نے مجھے یہ عادت
وہ خود بھی برباد ہو جائیگا۔ اور ایام تکلیف میں میرے ساتھ بات نہ کریگا کیونکہ بد معاشر
کے اندر ہمدردی اور رحم کا بھاؤ ہرگز ہرگز پیدا نہیں ہو سکتا۔ وہ نہیں جانتا کہ جب میر
دھرم پتنی یعنی منکوحہ بیوی گھر میں آوینگی بیں اولاد پیدا کرنے سے محروم رہجاؤنگا اور
پیدا ہوگی تو چند روز نہایت کمزوری کی حالت میں زندہ رہکر مر جاویگی۔ وہ کیا جانتا ہے
اوپر ایک سخت مصیبت نازل ہونے والی ہے کہ تمام دن فکر میں غرق رہا کروں گا وہ
جانتا کہ عضائے تناسل اس قسم کی بیہی حرکتوں اور غلطیوں کی بدولت بالکل کمزور اور
ہو کر ٹیڑھا ہو جاویگا اور بڑھنے سے رہجاویگا اس کی جڑ پتلی ہو جاویگی۔ جو کہ نامردی کی
ہے۔ کیونکہ تمام رگیں ہاتھ کی رگڑ سے آگے کو جھک جاتی ہیں۔ اور ناقابل ہو جاتی ہیں
بیچارے کو کیا خبر ہے کہ میرا گردہ اور مثانہ جو بدن میں داروغہ صفائی مقرر ہیں بالکل ناکا
پیشاب کی طرح طرح کی تکالیف میں مبتلا کر دینگے۔ اے نوجوان کیا تو معلوم نہیں کرتا کہ
دل کی حرکت بڑھ گئی ہے اور سوتے ہوئے تیرے دل کے مقام پر دھڑکن ہوتی ہے
خفقان اور ہولدلی کی بیماری کا مقدمہ ہے۔ تجھے کچھ خبر نہیں کہ میرے معدہ کا فعل بند
بھوک بند ہو جانے والی ہے۔ تو نہیں جانتا کہ یہ عادت تجھے تمام عمر کیلئے کاروبار سے
میٹ کر دینے والی ہے۔ تو نہیں جانتا کہ اس عادت سے مرگی کی بیماری پیدا ہو جا
پھر تیرا دماغ پاگلوں جیسا ہو جاویگا۔ اگرچہ وہ معلوم کرتا ہے کہ میری دماغی قوت کہا
گئی۔ میرا حوصلہ کہاں گیا۔ میرے ہاتھ اور پاؤں میں کبھی کبھی چیونٹیاں سی کیوں
ہیں۔ سیر کرنے کو یا کام کاج کرنے کو طبیعت کیوں نہیں چاہتی ہے ہر وقت طب

اور جب معدہ مین درد عصبی ہوتا ہی تو اوس مین یہہ دوائی ازحد فائدہ مند ہی اور جلدی بیماریون

مین اس عرق کو لگاتے ہین خوراک ۲ بوندسی ۸ بوند تک اسکی شیشی بنی ہوئی ہمارے یہان موجود ہی قیمت فی اونس ۱؎

الیسڈم نائیٹریکم (Acidum Nitricum dil) تیزاب شورہ - یہہ ایک بڑا سخت تیزاب ہے

خالص تیزاب کو دیوانے کتی کے کاٹے ہوئی اور سانپ کی کاٹی ہوئی جگہہ پر واسطے جلانے

زہر کے لگایا کرتے ہین - اگر جلدی سی خبر ہو جاوی تو اس کی لگاتے سی زہر جل جاتا ہی او بدن

مین اثر نہین کرتا اور بعض قسم کی زخم آتشک کو بھی اس سی جلاتی ہین اور چاندے کے گلانے

کے واسطی یہہ تیزاب بہت برتا جاتا ہے اور اس کے ڈائیلوٹ کو جو ایک حصہ تیزاب مین ۵۰

حصہ پانی ملانی سی بنتا ہے بطور سرد فائدہ کے بخار و ربد ہضمی مین اور جب پیشاب مین فاسفٹ

جم جاتا ہی تب اوس کے رفع کرنے مین اور جگر او رآتشک کی بیماری مین بھی اسکو استعمال کرتے

ہین - خوراک ۱۰ بوندسی ۳۰ بوند تک قیمت فی اونس ۶؎

الیسڈم نائیٹروہیڈروکلوریکم (Acidum Nitro Hydrochloricum dil)

یعنی تیزاب نمک وشورہ خالص تیزاب مین سونا گل جاتا ہی اس سبب سے ملمع سازی مین یہہ تیزاب کثرت

سے استعمال ہوتا ہے اور اسکا عرق جو ۲ اونس مین ۵ ۲ اونس پانی ملانے سے طیار ہوتا ہے

جگر کی ہر مرض مین بے نظیر ہی - خوراک عرق کی ۵ بوند سے ۲۰ بوند تک قیمت فی اونس ۶؎

الیسڈم اوگزالیکم (Acidum Oxaticum Cryst) یعنی تیزاب چینی - اس تیزاب کو پیتل کے

اسباب کیل کانٹا پرزے وغیرہ صاف کرنیکی لئی استعمال کرتے ہین یا برتن وغیرہ کے صاف

کرنیکو کام مین آتا ہی قیمت فی اونس ۴؎

الیسڈم فاسفاریکم ڈائیلوٹم (Acidum Phosphoricum dilutum) عرق تیزاب فاسفرس

اس عرق کو امراض استخوان یعنی ہڈی مین دیا کرتے ہین اور واسطی رفع تشنگی کی یہہ عرق مفید ہے

اور نامردی کی جڑ کو بھی عرق کھوتا ہی اور مرض ذیابیطس مین بہت مفید ہی خوراک ۱۰ بوندسی ۳۰ بوند تک

اسکی شیشی بہت مریضونکو مفید ہی جو اس کارخانہ مین موجود ہی قیمت فی اونس ۸؎

وہ کیڑے نہیں رہتے کہ جن سے حمل قرار پایا کرتا ہے اور چونکہ وہ ایک غیر ترتیب اور مصنوعی
ہوتی ہے۔ اسلیے منی اپنی اصلی حالت سے بالکل خراب ہو جاتی ہے۔ اور آلہ تناسل کی رگوں میں
کا زہر بھر کر نامردی ہو جاتی ہے اور قوت باہ بالکل جاتی رہتی ہے۔ جگر اور مرارہ دونوں خشک
ہو جاتے ہیں کیونکہ آرٹری کے ذریعے سے اُن میں سخت زہر پیدا ہو جاتا ہے۔ پس جس وقت انسان
کی طبیعت ایسے افعال بد کی طرف راغب ہو۔ اُس کو چاہیے کہ اپنے آپکو سمجھالے ورنہ روح
وجسمانی طاقت کا بالکل ستیا ناس ہو جائیگا۔

مجامعت

ہم سنتے ہیں کہ بعض لوگ اپنی بیوی سے یا کسی دوسری جگہ ایک رات دن میں دو دو دفعہ یا اس سے
بھی زیادہ جماع کرتے ہیں۔ یہ عقل کے اندھے اُن سے بھی بدتر ہیں۔ خداوند کریم نے جماع کا سلسلہ
اولاد اور بقائے نسل انسان کیلیے بنایا ہے۔ پس انسان کو باقاعدہ طب جس وقت اپنی منکوحہ بیوی
حیض سے فارغ ہو تو صرف حمل قایم کرنیکی غرض پانچ چھ روز کے اندر ایک دفعہ جماع کرے۔ اگر حمل قرار
پا جاوے تو جماع کرنا ایک لخت ترک کر دیوے۔ ورنہ بعد فراغت ایام حیض دوسرے ماہ میں اسی
طرح جماع کرے۔ پس جب حمل قرار پا جاوے پھر جماع کا خیال تک بھی دل میں نہ لاوے اور جبتک
بچہ پیدا ہو کر اور پرورش پا کر دودھ پینا نہ چھوڑے تب تک جماع نہ کرے۔
۔ لیکن اس ملک کے نوجوانوں کی ایسی تقدیر کہاں ؟ کہ ان کو یہ طاقت پیدا ہو سکے۔ بلکہ شاید اپنے لیے
ایسا نگرنا ممکنات میں داخل کریں۔ وجہ اسکی یہ ہے کہ وہ ابتدا سے اپنے ویرج کو کسی نہ کسی طریقہ سے
ضائع کرتے ہیں اس وجہ سے اُن کا ویرج ' ویرج کی جگہ ٹھیرا نہیں پا سکتا پس اُن کو اپنی خواہش کے مطیع
ہونا پڑتا ہے ورنہ اُن کو کیا معلوم ہے کہ اگر ویرج کی رکھا کیجاوے تو کس طرح بدن میں تازگی حاصل ہوتی ہے کس
طرح جسم چمکتا ہے۔ دماغی قوت کیسی بڑھتی ہے اور اپنی طبیعت کو کیسا سرور حاصل ہوتا ہے۔

رہا

یہ سوال کہ اگر کسی شخص کی شادی نہ ہوئی ہو یا کسی وجہ سے بیوی موجود نہو تو لاکھ سوالات کا ہم ایک
جواب دیتے ہیں کہ وہ نہایت کوشش کرکے جہاں چاہے اپنی شادی کرے لیکن دیگر جگہ عارضی تعلقات

ر پسینہ آور ہے۔ اسکو بخار اور زکام مین اور ہمراہ اسی ٹیٹ آف پوٹاش کے جلودھر کی بیماری
ن استعمال کرتے ہین کہ جس سی پیشاب ور کثرت سی اتا ہے اور جلودھر کا پانی اخراج پاتا ہے
واک ایک ڈرام سے ۲ ڈرام تک اسکو ہمراہ کوپیبا کے سنوراک مین بہی دیتی ہین قیمت فی اونس ۸/
Copaiba
لوز Aloes یعنی مصبر یا ایلوا۔ بازار مین یہہ چیز میلی اور ناقص ملتی ہے لیکن ہمارے
وائی خانہ مین ولایت سے آئی ہوئی نہایت عمدہ اور شفاف موجود ہے۔ یہہ دوا دست آور ہے
ب قبض بسبب ضعف معدہ کے یا اون عورتون کو جو مرض باؤگولہ مین مبتلا ہون تب
صبر کا جلاب مفید پڑتا ہی اور بدہضمی اور حیض کے بند ہو جاتے مین بھی یہہ دوا مفید پائی
ی ہے اور اسکی پچکاری پیٹ کے کرم ہٹانے کے واسطی لگایا کرتے ہین۔ اور یرقان کی بیماری
ین بھی مصبر کا جلاب فائدہ بخشتا ہے خوراک ۲ گرین سے ۶ گرین تک اسکی گولیان ہمارے
ہان بہی بنتی ہین جو جاڑہ بخار اور تلی کے اور ضعف معدہ کے مرض اور اوپر کے مرضونکو بالکل رفع
دیتی ہی۔ قیمت فی اونس ۶/

میونیا بن زویکم Ammo: Benzoi=cum اس دوا مین ست لوبان اور امیونیان
ملا ہوا ہے اس دوا کو پیشاب لانے کے واسطے اور کہانسی رفع کرنے کے واسطے اور جب پیشاب
مین فاسفٹ جم جاتا ہے دیا کرتے ہین اور نقرس کی بیماری کیواسطے یہہ ایک نہایت عمدہ
دوا ہے خوراک اسکی ۱ گرین سے ۳ گرین تک۔ قیمت فی اونس ۸/

میونیان کاربوناس Ammonia Carbo=nas یہہ نوشادر اور چونے کا ست ہی بہت
تلخ گرم ہے اسکو مرض باؤگولہ مین اور مرگی و غشے مین استعمال کرتے ہین اور پرانی کہانسی کی واسطے
ایک عمدہ مجرب دوا ہے۔ خاصکر یہہ مرض جب بڈھون کو ہوا کرتا ہے اور حالت زکام مین جب
سر مین درد ہوتا ہے تب اسکو سونگہانے سے فوراً آنکہہ اور ناک سے پانی نکلکر درد سر بند ہو جاتا ہے
خوراک ۳ گرین سے ۸ گرین تک اسکی شیشی ہمارے طیار ہوئی ہی جو سر درد اور زکام کو بہت مفید اور مجرب ہے قیمت فی دو نمبر

کلینکل تھرمامیٹر مقیاس الحرارت یہہ تھرمامیٹر واسطے دیکھنے کیفیت بیماری کی
Clinical Thermameter

ایسیڈم سالیسی لیکم Acidum Salicylicum اسکا کوئی ہندوستانی نام نہین ہے
اسکو جلودہر کی بیماری مین دیا کرتے ہین اور خاص گرگٹھیا کے مرض مین یہہ دوا لاثانی ہے خوراک
۵ اگرین تک اسکی ۶ پوڑیہ سی کیسا ہی گٹھیا کا مرض ہو شرطاً جاتا رہتا ہے۔ قیمت فی اونس عہ

ایسیڈم سلفیوریکم Acid Sulphuricum گندہک کا تیزاب۔ یہہ ایک بڑا سخت
تیزاب ہے اسکو خالص نہین برتتے لیکن اس کے ڈایلوٹ کو کہ جو ایک حصہ مین ۱۲ حصہ پانی ملانے
سے طیار ہوتا ہے اسکو بطور سردی کے بخارات مین اور بطور ترشی کے بدہضمی مین اور جریان خون
مین یعنی اسکو استعمال کرتے ہین اور سِل کی بیماری مین جو رات کو پسینہ آیا کرتا ہے اوسکو روکنے
کے واسطے پلایا کرتے ہین غرضکہ اس کے بڑے بڑے فائدے ہین اسکو عام آدمی جانتے ہین
جو ترشی کے نام سے مشہور ہے۔ خوراک پانی مین عرق کی ۱۰ بوند سے ۳۰ بوند تک تلی کی
بیماری کو جڑ سے کہو دیتا ہی۔ قیمت فی اونس ۵

ایسیڈم ٹانیکم Acidum Tannicum یہہ بھی مازو کا ست ہے اسکو بھی اونہین بیماریون
مین استعمال کرتے ہین کہ جنہین گیالک ایسڈ کو جسکا ذکر پہلے آچکا ہے دیا کرتے ہین لیکن یہہ نسبت
اوس کے تیز اور خالص زیادہ ہے۔ اور اوس سے زیادہ فائدہ بخشتا ہے خوراک ۲ گرین سے
۵ یا ۱۵ اگرین تک اسکی ایک شیشی ہماری تی ہے جو مستورات کے پرسو کو بہت مفید ہے قیمت فی اونس ۱۲

اکونیٹیا Aconitia یعنی بیٹھے تیلئی کا جوہر۔ یہہ جوہر بڑا تیز زہر ہے اسکو شاذ ہی کہلاتی
ہین۔ اس کی مرہم بنا کر گٹھیا کے درد مین یا درد عصبی مین مالش کرنے سے بہت جلدی درد بند ہو
جاتا ہی۔ اگر کہلانا منظور ہو تو خوراک ۱/۱۰۰ گرین سے ۱/۳۰ گرین تک ہی جاڑی کے درد کے واسطے اسکا مرہم ہماری ہان کا بہت مجرب طیار ہے

ایتھر سلفیورک کمٹی فائڈ Æther Sulphuric اسکا ہندوستانی
کوئی نام نہین ہے۔ یہہ خالص بہت کم استعمال کیا جاتا ہے لیکن اس کی اور مرکب بہت بیماریون
مین استعمال کئے جاتی ہین جو بہ ہین قیمت فی اونس ۱۲

ایتھر نایٹرک Æther Nitric یہہ ایک خالص ایتھر کا مرکب ہے۔ یہہ چیز سرد پیشاب آور

کاسٹاک (Caustic) چاندیکا تیزاب سکی لمبی لمبی قلمین ہوتی ہین یہہ ایک عام مشہور دوا ہی باہر اسکو بطور
کاسٹک کے زخمون پر خاصکر آتشک کے زخمون کا زہر جلانیکو اکسیر کی خاصیت رکہتا اور حلق مین جو زخم ہوتا ہے
اوسکو بہی جلاتی ہین اسکا عرق اشد چشم کیواسطے نہایت مفید ہی - (کاسٹاک گرین گلاب اونس) اسکی بنی ہوئی
شیشی ہماری یہان جلدی جگہ موجود ہین جسمین بعض کو درکار ہو طلب فرمائین اور پستان مین جو زخم ہوجاتا ہی اوسپر لگانی
سے فوراً ہی ارام ہوتا ہی یہہ چیز امراض جلدی مین بہی مثلاً سرخ باد وہر قسم کی پہوڑے پہنسیون کے واسطے
بہت ہی عمدہ ہی اسکا بیان کہانتک کیا جاوے جو شخص اسکو خریدیگا اوسکے ساتہہ اسکی کل کیفیت معلوم ہوجائیگی
اسکا ایک خضاب ہماری کارخانہ مین موجود ہین جو بالکل سیاہ بال کردیتا ہی قیمت فی اونس سے ۳ روپیہ -
گوا پوڈر (Goa Powder) اسکی شیشی موجود ہین یہہ پٹہٹ دوا خاص واسطے داد کے ایجاد کی گئی ہی دو چار
دفعہ لگانے سے داد ایسے چلےجاتی ہین جیسی گدہی کی سر سی سینگ - قیمت فی شیشی ۸/
آری کلورائڈم (Auri Chloridum) کشتہ زر - یہہ خالص طلا کشتہ ہی - یہہ چیز مقوی
دماغ و معدہ و باہ اور مصفی خون ہی اس لئے اسکو نامردی و ضعف اعضاے تناسل و آتشک
مین اور زبان اور مسوڑہون کے پہٹ جانے مین استعمال کرتے ہین - خوراک ۱/۴ حصہ
سے ۱/۲ حصہ تک قیمت فی ماشہ ۱۲/ ایک کانچ کی نلی مین ۱۵ گرین ہے
بالسم کوپیا (Balsam Caparba) روغن بلبسان اسکو نائزہ اور مثانہ کی بیماریون مین
مثلاً گونیریا اور گلیٹ یعنی سوزاک اور قرح مین بہت مفید پایا گیا ہے سوزاک کے شدید
درجہ مین یہہ روغن گنگہیا مین جادو کا کام کرتا ہی خوراک آدہی ڈرام سی ایک ڈرام تک قیمت فی
اونس ۸/
بالسم ٹولو (Balsam Tolu) یہہ بہی ایک قسم کا منجمد روغن ہے اسکی دوا خاصکر پرانے کہانسی
اور گنگہیا مین بہت مفید ہی اور نائزہ اور مثانہ کی بیماریون مین بہی دیتے ہین باہر اسکو بدبو
دار زخمونکو لگاتی ہین جو خراک ۱۵ بوند تک اسکے گولیان ہماری کارخانہ مین واسطے نامردی کے رفع کرنیکو بڑی مجرب طیار ہین قیمت فی اونس ۱۲/
بیبیریا سلفاس (Beberia Sulphas) یہہ دوا مقوی ہی اسکو کمزوری اور بخار رفع

کہ کتنی درجہ کی گرمی تنفس مین ہے اور کونسی بیماری ہی اور بیماری کی پیچ ہا ترقی ہے۔ بیمار بچیگا یا نہین بچیگا ۔۔۔

امونیا ہیڈرو کلر (Ammonia Hydrochlor) امراض جگر اور درد عصبی مین اسکو دینا تبلاتی ہین ایک تعریف اسمین یہہ ہی کہ جب اسکو سوتون پر دن مین دو تین دفعہ لگایا جاتا ہے تو وہ بہت جلد دور ہو جاتے ہے یہہ چیز سرد کرنیکے لئے اکثر بری جاتی ہے مثلاً نوشادر ایک حصہ شورہ ایک حصہ پانی دو حصہ اسکو ملا لین جس چیز یا پانی وغیرہ کو سرد کرنا ہو اس نوشادر کے عرق مین رکھدین۔ خوراک ۵ گرین سے ۱۵ گرین تک ہاضم غایت ہی اسکی ایک شیشی بہت مجرب آنکہونکی انجن کے طیار ہی ہی۔

امونیان فاسفاس (Ammonia Phosph) اس دوا کو اوس پتہری مین دیا کرتے ہین کہ جو بسبب یورک ایسڈ کی زیادتی کے ہوا کرتی ہی اس قسم پتہری کو اگر جلد ہی کی ہو تو یہہ دوا نہایت جلد زایل کردیتی ہی۔ خوراک ۵ گرین سے ۱۵ گرین تک قیمت فی اونس ۸ر

امونیا برومائڈم (Ammonia Bromidum) اس دوا کی بڑی عمدہ خاصیت یہہ ہی کہ ہوپنگ کف یعنی کوکرہ کہانسی کو فوراً روک دیتی ہی اور تلی کے واسطے بھی بے نظیر دوا ہی اور امراض دماغی مین یہہ چیز بڑی مفید پڑتی ہی مثلاً مرگی اور مالیخولیا مین تو اکسیر کا کام دیتی ہی خوراک ۵ سے ۳۰ گرین تک قیمت فی اونس ۹ر

امونیا آیوڈائیڈم (Ammonia Iodidum) یہہ دوا واسطے جذب کرنے بڑھے ہوئے غدودون اور رسولیون کے خاصکر جو بسبب آتشک کے بڑہ جاتی ہین بہت ہی فائدہ مند ہے خوراک ۳ گرین سے ۱۰ گرین تک اسکی شیشی بہت مجرب ہمارے ہی تیار ہی قیمت فی اونس ۱۲ر

انٹموی ٹارٹاری زیٹم (Antimony Tartarizatum) اسکو ٹارٹر ایمیٹک سے بھی کہتے ہین یہ دوا نہایت ہی عمدہ دافع سوزش ہی اور اس سے قے بھی بہت ہی جلد آتی ہے جب جوان او طاقت ور آدمیون کو کسی قسم کی سوزش ہوتی ہی تب اسکو کہلایا کرتے ہین یا زہرون مین اس سے قے کرایا کرتے ہین۔ خوراک ½ گرین سے ¼ گرین تک اور قے کے واسطے ۲ گرین اسکی گولیان ہمارے یہان بنی ہوئی طیار ہین جو دمہ کی بیماری کو بڑی اکثیر ... دافع بجا ہین قیمت فی اونس ۸ر

کیپسول کوپیبا Capsule Copaiba روغن بلسان کی گولیان مرض سوزاک کیواسطے تیر
اکسیر کا کام دیتی ہین کیسا ہی سخت سوزاک اور پرانا ہو ۳ بکس کے کھانے سی بالکل آرام
ہوجاتا ہے ہکمد نیکی ترکیب بکس کی ساتھہ چھپی ہوئے ملتی ہے اسکی بکس تازہ ولایتی کارخانہ ہی آئی ہین

کیپسول سنٹا فلیو Capsule Santal Flave روغن صندل کی گولیان۔ یہہ گولیان۔
بھی واسطے پرانے سوزاک کے دی جاتی ہین۔ یہہ بھی ایک نہایت ہی عمدہ دوا ہے یہہ گولیان قرح
سوزاک اور جریان منی کو بہت ہی مفید ہین۔

کیتھیٹر Catheter چاندیکی سلائی پیشاب اوتارنی کی قیمت فی سلائی للعہ روپیہ

کلورل ہیڈریٹ Hydrate Chloral یہہ نشی دوا ہے لیکن اسکا ایسا خراب نشہ
نہین ہے کہ جیسا افیون کا ہوتا ہی اور نہ یہہ قابض ہے اسکو واسطی نیند لانے کے دیا کرتے
ہین یا جب سخت درد کسی قسم کا ہوتا ہے اوسکو نیند کیواسطی کھلایا کرتے ہین۔ خوراک ۱۰ اگرین سے
۲۰ اگرین تک اسکو ہمراہ اور اور ادویات کی مرکب کرکی ایک شیشی شربت کی طیار کیے ہی جو تکلیف بند و درد کو دور
کرتی ہی۔

کلورو ڈین Chlorodyne یہہ دوا نہایت عمدہ دافع اور قولنج ہے اور شست
کرنیوالی درد عصبی کی ہی اور دستون کو روکتی ہے اس لئی پیچش اور اسہال اور ہیضہ مین
دیا کرتے ہین خوراک اسکی ۵ بوند سے ۲۰ بوند تک لیکن بچون کو ایک یا دو قطری کافی ہین اسکی
شیشیان ولایتی بنی ہوئی موجود ہین بہت ہی مجرب اور رواجی دوا ہے۔

کلوروفارم Chloroform اسکی شیشی بنی ہوئی ہے خشک خارش کو بہت ہی فائدہ بخشی ہے
اور دوسری شیشی سردرد کی واسطی مجرب ہے دوائی بیہوشی اسکے سونگھانی ہی آدمی بیہوش ہوجاتا ہے
جراحی کا کام اسی کے ذریعہ سی ہوتا ہے اسکو کہلاتے سبھے ہین۔ یہہ دوائی نہایت
عمدہ دافع تشنج ہے اسکو واسطے روکنے باری دمہ کے پلایا کرتے ہین اور بہت سی امراض مین
اسکا استعمال ہوتا ہے۔ خوراک اسپرٹ ملی ہوئی کی ۲ بوند سے ۱۰ یا ۱۵ بوند تک قیمت فی اونس ۸

کرنیکے واسطے دیا کرتے ہین۔ خوراک ۲ گرین سے ۱۰ گرین تک قیمت فی اونس ملے روپیہ۔

بسمتھ کاربوناس Bismuth Carbonas یہہ دوا واسطے فساد معدہ کے ایک لاجواب دوا ہے۔ بدہضمی اور موبنہہ سے جب اکہٹا پانی جاتا ہے تب اسکو دیا کرتے ہین خوراک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک

بسمتھ سب نائیٹراس Bismuth Sub Nitras یہہ پیچے اونہین بیماریون مین دیا جاتا ہے کہ جسمین اوپر کا مرکب استعمال کیا جاتا ہے خوراک ۵ گرین سے ۲۰ گرین تک قیمت اونس ۸؍

کالسیس ہائی پوفاسفاس Calcis Hypophosphos یہہ دوا ایک نہایت ہی عمدہ مقوی باہ اور کمزوری کی دور کرنیوالی ہی اور پرانی کہانسی مثلاً تپ دق وغیرہ مین اکسیر اعظم ہی اسکا ایک شربت بنتا ہی جو نامردی اور سستی کو واسطے مجرب ہی۔ خوراک شربت کی ایک ڈرام ہی اگرین سے ۵ گرین تک اسکی شیشی ۸؍ کو اتی ہی جو کمزوری اور دمہ وسل و دق کو بہت مفید اور مجرب ہی

کیپشول کسٹر آئل Capsule Castor Oil ارنڈی کے تیل کی گولیان۔ یہہ گولیان بادام شکل کی ہین فائدہ اسمین یہہ ہے کہ دوائی کا ذائقہ بد معلوم نہین ہوتا اکثر نازک مزاج مرد یا عورت یا بچے بُرے ذائقہ کی دوائیون کو نہین کہاتے ہین۔ ان گولیون کو بخوبی کہا سکتے ہین۔ ارنڈی کے تیل کی گولیان واسطے دست لانیکے استعمال کی جاتی ہین۔ خوراک اسکی حکیم کی رائے اور بیمار کی حالت پر منحصر ہی بکس کہ جسمین ۳۶ گولیان ہین ۱۲؍

Oil Jecoris Aselli

خنازیر بچون کے مرض ٹی بس ہی بچپن کی ریکٹا اور مرض سل کو تو اکثر ہی اور بہیپر وکیے زخم بہی اس سے بہر جاتی ہین اور ذیابیطس مین بہی مفید ہی جکو ایس ہیلی۔ یہہ مچھلی کے تیل کی گولیان ہین

کیپسول کاڈلیور آئل اسکو مرض نقرس وجع مفاصل خنازیر سل وغیرہ کے واسطی رفع کمزوری کے استعمال کرتے ہین اور جو آدمی یا بچہ دبلا پتلا رہتا ہو غذا کم کہاتا ہو اسکی واسطے نہایت ہی عمدہ اور مجرب ہی خوراک وغیرہ کا حال اس بکس مین سلسلہ چھپا ہوا ہے

سنگار بہت کم کیا کریں حتی المقدور گالی گلوچ منہ سے نہ نکالیں۔ خوبصورت عورتوں اور خوبصورت لڑکوں سے بالکل تعلق نہ رکھیں۔ یہ نفس کو مغلوب کرنیکا علاج ہے۔ خواہ کسی قدر حیثیت یا علم یا جوانی کا زور ہو غرور بالکل نہ کیا کریں۔ سادے کپڑے پہنا کریں جس وقت کوئی کانشنس کے خلاف فعل دل میں آوے اُسکو اپنے لیے زہر سمجھا کریں اور خواہ کوئی تکلیف کیوں نہو سوائے ویرج استھمبن دوائی کے اور کسی دوائی کا استعمال نہ کریں بلکہ میں آپ کو یہ خاص رائے دیتا ہوں کہ روح کو بڑھانیکے لیے کم سے اسکی ایک شیشی ہر وقت اپنے پاس رکھ لیا کریں ✤

الخ

یہ دوائی ہندوستان کے بڑے بڑے تھوک فروش میڈیکل ہالوں سے ملسکتی ہے لیکن جہاں روزمرہ بذریعہ مشین تیار ہوتی ہے وہاں کا پتہ ذیل میں درج ہے ✤

نوٹ۔ اس دوائی کے آرڈر بہت آئے ہوئے رہتے ہیں۔ اور بارہ پندرہ آدمی اس دوائی کو بڑی مشکل سے قریب پچاس ساٹھ شیشی روز تیار کرسکتے ہیں اسلیے تین شیشی تک کے آرڈر کی تو اسیوقت تعمیل کیجاویگی لیکن تیس چالیس پچاس شیشی کا آرڈر دو تین روز کے بعد روانہ کیا جاویگا۔ کیونکہ بڑے بڑے لائق ڈاکٹروں اور ہسپتالوں اور ویدوں کے بہت آرڈر آئے ہوئے رہتے ہیں اور بڑی مشکل سے اُن کو انجام دیا جاتا ہے۔ کیونکہ ہندوستان بھر کے حکیم یا ڈاکٹر یا دوائی خانے والے اور ہسپتالوں میں اس دوائی کو بڑی خصوصیت اور توقیر سے رکھکر استعمال کیا جاتا ہے ✤

از سیکرٹری رائل میڈیکل ہال

خط وکتابت

جناب جنرل منیجر رائل میڈیکل ہال جگادھری۔ ضلع انبالہ پنجاب کے

نام ہو

سنکونا فبری فیوج (Cinchona Febrifuge) یہہ دوا واسطے بخار کے ایجاد کی گئی ہے اس سے باری کی بخار بشرطیکہ رفع ہوجاتی ہین - دوا سے کونین کو کھات کر دیا ہی بھوک کے بند ہوجاتی اور کمزوری مین بھی اسکو دیا کرتے ہین اسکا عرق بنتا ہے جو واسطے رفع بخار چوتھیہ و بخاری روزانہ کی دیا جاتا ہے اور فوراً بخار کو توڑ کر رفع کر دیتا ہی یہہ عرق بنا بنایا ہماری دواتی خانہ مین ملتا ہے ایک شیشے مین ۱۲ خوراک ہوتی ہین اسکی قیمت ۱۲ ہی سنکونا کی قیمت فی اونس ۸؍ ہے اور ایک شیشی واسطی مرض مرگی کی اور گولیان واسطی زکام اور بخار جاڑا و تلی اور آدھا شیشی کو مجرب ہے ریرکے کمزوری

کاڈلیور آئل (Cod liver oil) بہت طرح کے کاڈلیور آئل ہمارا کارخانہ مین ہے جو دیہی اور بہت سستی قیمت ہے روغن ماہی مچھلی کا تیل - کاڈلیور آئل تپ دق و پرانا بخار و دمہ میں کھانسی و سوکھیا اور جلد کی بیماریون اور ان امراض مین جن مین بیمار لاغر اور پست ہمت ہوجاتا ہے پلایا جاتا ہے خوراک ایک ڈرام سے ۸ ڈرام قیمت فی شیشی ۸؍ کھانسی

کوڈیا (Codeia) یہہ بھی افیون کا ست ہی اسکو واسطے روکنے اسہال اور مختلف امراض مین استعمال کرتے ہین چونکہ اس دوا مین چینی بالکل نہین ہوتی لہذا امراض ذیابیطس مین یہہ دوا نہایت مفید ہی یہہ ایک تیز زہر ہے - خوراک اسکی ½ گرین تک قیمت فی ڈرام للعہ

کلوڈیم (Collodium) ایک گاڑھا شفاف عرق ہی اس کو زخم پر اس غرض سے لگاتے ہین کہ اوس مین ہوا نہ لگی کیونکہ اس کی لگانے سے زخم کی اوپر ایک پردہ مانند جھلی کے جم جاتا ہے اور اوس مین ہوا کا گذر نہین اور اوس دکھو واسطے نرم کرنیکی انگوٹھون پر سے لگاتی ہین یہہ چیز فوٹوگراف مین بھی کام آتی ہے اور گولیوںکا ذائقہ چھپانی کو کوٹ اسکا دیتی ہین قیمت فی اونس ۸؍

کنفیکشیو اروميٹ (Confectio Aromate) حلوا خوشبودار یہہ حلوا یا معجون نہایت ہی خوشبودار ہے واسطے بند کرنے دستونکی اسکو دیا کرتے ہین خوراک اس کی ایک ڈرام ۲ ڈرام تک قیمت فی اونس ۸؍

انیما سیرنج Enema Syringe حقنہ کرنیکی پچکاری جبکہ دست نہین ہوتا ہو تو مقعد کے راستہ قبض کھولنے کی بذریعہ دوا کی حقنہ کرتی ہین

کنفیکشیو سلفیورس (Confectio Sulphuris) حلوا گندھک یہہ حلوا ایسی ملین اور مقوی

ے تو پھر تو خود ہی ناقابل ہو جاؤ گے اور اگر دنیا میں خوردار ہنا ہے۔ تندرست رہنا ہو اولاد چاہتے ہو
رام سے زندگی بسر کرنا چاہتے ہو اور دولت چاہتے ہو۔ روزگار چاہتے ہو تو خواہ تم کوئی ذات کوئی
یسی ملک کے باشندے ہو۔ ویرج یعنی مادہ منی کے اخراج سے بالکل پرہیز کرو ۔

اور اگر تم۔ تمہاری بدقسمتی سے مہینے دو مہینے۔ برس دو برس اس قسم کی سوسائٹی میں بیٹھ چکے ہو اور
ت کر چکے ہو اور اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ دل میں دھڑکن پیدا ہو گئی ہے۔ چہرہ اور آنکھوں کی رونق جاتی
ہے۔ تمام بدن تھکا ہوا سا معلوم دیتا ہے۔ بھوک ذرا کم لگتی ہے۔ اور کھانا کھانے کے بعد بوجھ سا معلوم
ہے۔ سر میں چکر سے آتے ہیں۔ فوطوں اور آلہ تناسل میں کمزوری معلوم دیتی ہے تو سری مہاراج مہرشی
شمرت جی کی ایجاد کی ہوئی :

ویرج استھمبن

ن کا استعمال کرو اس دوائی کا فائدہ یہ ہے کہ ایک تو مہینے ڈیڑھ مہینے کے استعمال سے جس قدر خرابات
ے جسم میں جسقدر کمزوری اور ویرج کی کمی ہوئی ہے اس کمی کو یہ دوائی پورا کر دیتی ہے اور جلق کرنیکی
ن پیدا نہیں ہوتی اور نہ ایسے واہیات کاموں کی طرف طبیعت چاہتی ہے اور اس دوائی سے بھوک بھی
بڑھتی ہے اور ہضم بھی پورا ہوتا ہے۔ خون کا قوام اصلی حالت پر رہتا ہے اور اگر اس دوائی کو
دو ماہ تک استعمال کرتا ہے تو جسم میں دو تین پونڈ خون نیا بڑھ جاتا ہے کام میں خوب دل لگتا ہے
پرہیز استعمال کرنے سے منی کا قوام بھی بالکل سخت ہو جاتا ہے اور قوت باہ بھی بڑھ جاتی ہے۔ احتلام
ن کی تکلیف کو بھی بالکل آرام ہو جاتا ہے۔ اعضائے تناسل اور گردہ مثانہ میں ایک خاص طاقت پیدا
ہے پس یہ خیال کرو کہ خراب مادہ منی سے یا کسی خرابی سے اگر پیشاب میں کسی قسم کا مادہ آنے لگا
ل بند ہو جاتا ہے جسم خوب مضبوط اور طاقتور ہو جاتا ہے اور اگر منی رنگ میں زرد ہو گئی ہو۔ یا بدبو
ہو تو اس دوائی سے بالکل ٹھیک ہو جاتی ہے غرضکہ سشمرت جی مہاراج نے نہایت کوشش اور تجربے
ریب قیمتی ادویات کا ایک رس صرف کمزوری اعضائے تناسل اور مادہ منی کیلئے ایجاد کیا ہوا ہے۔

یٹ۔ اگر کسی خرابی سے منی میں طاقت تخمینہ رہی ہو تو اس دوائی سے وہ طاقت پیدا ہو جاتی
کے فائدے اور پہلے زمانے کے رواج کے موافق کہ ایسی چیزیں بڑے بڑے وید لوگ صرف امیر کبیر ہی کو دکھا
اصل میں بڑی بھاری قیمت حاصل کیا کرتے تھے اس کا دام ٹھہرا دیا جائے تو فی شیشی للہ بھی کم ہے

لیکن چونکہ پھر اس کو غریب آدمی نہیں خرید سکتے اس لحاظ سے اسکی قیمت فی شیشی ۱۲ رہی۔ اور تین شیشی کا پیکٹ ؏ کو ملتا ہے۔ اس دوائی کے بارہ میں

تقدس مآب جناب ڈاکٹر راما نند صاحب انچارج حفظ صحت پروپرائیٹر و سپرنٹنڈنٹ کی معزز تصدیق

میں تصدیق کرتا ہوں کہ ویریہ استھمبن دوائی نے اُن لاکھوں مریضوں کو جنھوں نے کسی جائز یا ناجائز طریق سے اپنے ویریج کو ضائع کر دیا تھا اور جن کو بدعادت سے چھٹکارا نہوتا تھا۔ پچھلی خرابیاں اور کمی کو بالکل پورا کرکے آئندہ انکو خرابات سے روکدیا ہے۔ اور اس دوائی نے ویریج کو جسم میں قائم کرا اُنکے چہرے اور جسم مضبوط اور سُرخ کر دیے ؛

راما نند پروپرائٹر و سپرنٹنڈنٹ

ویرج استھمبن دوائی کی ترکیب استعمال اور پرہیز

صبح ہی ضروریات سے فارغ ہو کر ۱۰ بوند دوائی ایک گلاس میں ڈال کر اور اُس میں ۳ تولہ ٹھنڈا پانی ملا کر پی لیویں۔ پھر شیشی کا کارک بند کرکے اُس کو طاق یا صندوق میں بند کرکے رکھدیں۔ گویا شیشی کو دھوپ نہ لگنے دیں۔ پھر آدھ گھنٹہ بعد پاؤ بھر یا ڈیڑھ پاؤ گائے یا بھینس کے کچے دودھ میں ایک تولہ سفید مصری ڈالکر پیا کریں۔ کھانا وقت مقررہ پر کھاویں۔ کھانیمیں ہر قسم کی دال۔ چاول۔ دودھ۔ گھی۔ میوہ۔ اناج ہر قسم کی سبزی سب چیز کھاویں۔ دہی بھی کبھی کبھی کھالیا کریں قدرے مرچ سُرخ کا بھی چنداں پرہیز نہیں ہے۔ پرہیز۔ ترش اور تیل میں بنی ہوئی اور گرم چیزیں نہ کھایا کریں دوائی کے استعمال میں جماع کرنے کو زہر قاتل سمجھیں ؛

تمہارے لیے ہر روز مطالعہ کرنے کی خاص ضرورت

صبح یا دوسرے مقررہ وقت پر پندرہ بیس منٹ خوب کسرت یا سیر کریں۔ کھانا تھوڑا کھاویں جب خوب بھوک لگے تب کھاویں۔ کھانیکے ہمراہ پانی تھوڑا پیویں پھر خواہ کسی قدر پیاس ہو پانی اُسقدر پیویں کہ جس سے پیٹ پھٹنے لگے۔ برف یا سوڈے سے ٹھنڈے پانی کو ترجیح دیں۔ ہر قسم کی نشہ بازی کو حرام سمجھیں اور عام لوگوں کو اعلان کر دیں کہ جو کسی قسم کی نشہ بازی کریگا۔ جلد تباہ ہو جاویگا بلکہ جہانتک ہو سکے نشہ بازی کو چھڑانے کی کوشش کریں۔ جہانتک نکمے نہ بیٹھیں۔ بوقت فرصت اخلاقی اور مذہبی کتابوں کا مطالعہ کیا کریں۔ جس وقت اپنے دوستوں میں بیٹھیں گے تو چلنے پر ان کو سیدھا اور نیک رستہ اختیار کرنیکی ہدایت کیا کریں۔ نہ ماننے اُسکی مرضی تم اپنے فرض سے سبکدوش ہو چکے۔ [illegible]

راک ایک ڈرام سی ۲ ڈرام تک قیمت فی اونس ۴ر کہجلی کے بواسیر کے واسطے نہایت مجرب ہے

کنفیکشیو امگڈلا (Confectio Amygdalae) دست اور حلواء بادام یہہ حلواء بھی ملین او مقوی ہے

و تراوٹ کرنیوالا دہ خشکی انتڑیون مین خشکی ہوتی ہے اوسکو کہلایا کرتی ہین خوراک ایک ڈرام سی ۴ ڈرام تک قیمت فی اونس ۸ر

کنفیکشیو کیا سیا دسنا وہ یعنی پتہ گیشو دھی ہندوستانی حکیم زیادہ تر اسکا استعمال کرتے ہین -

کنفیکشیو ارنشیای - مقوی معدہ خوشبودار ادویات کے بدمزہ رفع کرنی اور تسلی یعنی ناشتہا کو کم کرتی اور جن ادویات

Confectio Auranti

سے متلاہٹ پیدا آتی ہے انکے ہمراہ شامل کرتے ہین

کنفیکشیو پیپرس نگرا یعنی کالی مرچ کا حلوا خوشبودار مقوی ... بادی گرمی واسطے بواسیر اور

Confectio Piperis Nigri

کام آتی ہے خوراک ایک سے دو ڈرام تک

کنفیکشیو اوپیائی اسن کرنی والا مفرح حلوائی افیون واسطی بند کرنے پیچش و اسہال وغیرہ

Confectio Opii -

کے نہایت عمدہ ہی خوراک ۵ گرین سے ۲۰ گرین پیچ کی درد کو دور کرنیوالا اکسیر

کنفیکشیو روزی - حلوائی گلاب یہہ گولیان بنانے کے کام مین آتی ہین اور جب منہ آتا ہی

Conf Rosae

تو اوس مین اسکو کہایا کرتے ہین خوراک ایک اونس سے ۴ اونس تک قیمت فی اونس ۲ر

کنفیکشیو سنا - (Confectio Sennae) بہت نرم کرنیوالا حلوائی سنا کی دست لانی کی واسطے مجرب اور بینظیر

ہے اور تعریف یہہ ہی کہ مروڑا اور پیچش نہین ہوتی اور ذائقہ مین نہایت عمدہ نازک مزاجون کا مزا

بھی یہی خوراک ایک ڈرام سی ۴ ڈرام تک

کنفیکشیو اسکامونی پیلا دست لانیوالا حلاب یعنی ہیڈروگالن کتہارتک سے حلوا مقوی سقمونیان یہہ حلوا نہایت عمدہ

Conf Scammonii

دست آور ہے خوراک ۱۰ گرین سے ۳۰ گرین تک قیمت ۴ر فی اونس

کریوزوٹم (Creasotum) یہہ تارکول کا تیزاب ہے - یہہ دوا قے روکنے کے لئے بہت مفید

ہے اور خاصکر دانت کے کیڑا الگ جانیکو تو یہہ تیزاب فوراً ہی بند کر دیتا ہے ایک روئی کی پھریری

بناکر اور اس تیزاب مین ڈبوکر جس دانت مین کیڑا لگا ہوا ہو اوس مین لگا دینے سی اوسی وقت آرام

کروٹن کلورل ہیڈریٹ (Croton Chloral Hydrat) یہہ دوا واسطی نیند لانیکی

پیدا کر کے کسی ناجائز طریقہ سے اپنی طاقت زائل نہ کرے ۔

اکثر نوجوانوں کو اس قسم کی ادھیڑبن لگی رہتی ہے کہ ایسی دوائی کھائی جائے جس سے قوت باہ زیادہ پیدا ہو اور ایسی طاقت آ جائے کہ وہ ایک رات میں چار چار مرتبہ جماع کرنے پر قادر ہو سکیں ۔ امساک ایسا ہو جائے کہ معمولی آدمی کی طاقت اور قوت سے بدرجہا بڑھکر ہو وغیرہ وغیرہ ۔

پس ایسے لوگ ہمیشہ کاہل مزاج سست ۔ کاروبار سے نفرت ۔ حوصلہ پست کیسی نہ کسی تکلیف میں مبتلا ہر وقت وہم سوار ۔ خرابات کی طرف رغبت ۔ چہرہ غمگین رہتا ہے ۔ چونکہ یہ ایسی نکمی باتیں ہیں کہ انسان کی طبیعت کو بالکل ہی واہیات باتوں کی طرف مائل کر دیتی ہیں ۔ اس لیے انسان کی روحانی ترقی بالکل بند ہو جاتی ہے پس آج ہم آپ کو نہایت عقلمند اور باشعور اور لایق باپ کے فرزند سمجھ کر نصیحت کرتے ہیں کہ ایسی سوسائیٹی کو بالکل ترک کر دو ۔ نشہ بازی کا نام مت لو ۔ بلکہ اپنے دوستوں سے ایسے نالایق کام نہ کرنیکو بحث کرو ۔ اور بحث میں ان کو ہر طور سے دلیل سے آگاہ کرو ۔ اور اس بحث میں اپنے خیالات کو ترجیح دو تا کہ تمام دوست تمہیں لائق سمجھیں اور خصوصیت کے ساتھ تمھاری عزت کریں ۔

تمھاری بھلائی کے لیے تم کو تاکیداً سمجھایا جاتا ہے کہ

پرماتما رب العلمین کا ہر وقت شکر کرو ۔ دل سے اسکی یاد مت بھلاؤ ۔ اپنے علم یا حیثیت یا نوجوان ہونیکے زعم میں ہرگز مست ہو بلکہ جس قدر بڑے ہو اسیقدر جھکو ۔ تم نہیں دیکھتے کہ پھل والے درخت کیسے جھکے ہوئے رہتے ہیں ۔ استادوں اور بزرگوں اور باعزت لوگوں کی عزت کو ہمیشہ اپنے دل میں جگہ دو ۔ غریب محتاجوں کی مدد کا ہر وقت خیال رکھو ۔ کسی جاندار کو ہر وقت تکلیف مت دو ۔ کوئی ایسا فعل نہ کرو جو کانشنس کے خلاف ہو ۔ جماع کرنے کا خیال ہر وقت دل سے بھلا دو ۔ دیکھو چند روز میں تمھارا کندن کیموافق چمکنے لگتا ہے جو دوست تمھارا ستیاناس کرنیکے لیے تمھاری طبیعت کو کسی قسم کی طرف متوجہ کرے اسکو اپنا جانی دشمن سمجھو اور سمجھ لو کہ بس یہ ایک ہی دشمن کافی ہے ۔ ایسے دشمن سے بچو ۔ بلکہ کلام تک نہ کرو ۔ کیونکہ تم کو وہ بگاڑ کر الگ ہو جاویگا اور تم روؤ گے پیٹو گے کچھ ہاتھ نہ آویگا ۔ بدکردار آدمی ہمیشہ اپنے آپ کو ملیامیٹ کر کے دوسروں کو تباہ کر دیا کرتا ہے ۔ اور اس بات کو اگر خرابات سے بچنا چاہتے ہو تو جوانی میں بچنے کی کوشش کرو ۔ ورنہ جب تمھارے اعضا کمزور ہو گئے

وہ یہہ ہے کہ کیسی ہی بدبو کیوں نہو جہان اسکو چہڑکا بدبو رفع ہو جاتی ہے قیمت فی پونڈ ۱۲ر

ڈس انفیکٹنگ فلوئڈ Disinfectant Fluid یہہ بھی ایک خوشبودار عرق ہے اسکو کانڈیز پوشن بھی کہتے ہین اس عرق کو بھی واسطے رفع بدبو کی بدبودار مکانون مین چھڑکا کرتے ہین اور اسکی گلی جب پھوڑی سڑ جاتی ہین تو اچہی ہو جاتی ہی قیمت فی اونس ۸ر

فنایل Phenyl کی شیشی پر جو زخم غلیظ کو بہت جلد صاف کرکے بہر لاتا ہی اور بعضے جو ہوشی زخم سڑتا ہے

الاٹیرم Elaterium یہہ ایک نہایت تیز جلاب ہے اس کی کہانے سے پانی کی طور پر دست آتے ہین اسی لحاظ سی اسکو بندہ پڑ جانے اور جلو دہر کی بیماری مین دیا کرتے ہین خوراک اسکی ایک گرین کے چھٹے حصے سے ۱/۲ گرین تک قیمت فی ڈرام للعہ اس سے استقاط حمل ہو جاتا ہی اسواسطے حمل مین جائز نہین

امپلاسٹرم بلاڈونا Emplastrum Belladonnae یعنی پٹی جہان شدت عصبی درد یا تشنج ہو وہان اس پٹی کو لگانے سے درد فورًا رفع ہو جاتا ہے قیمت فی اونس عہ

